NYC Public Schools
Chancellor Kamar H. Samuels

2026 نومبر

عزیز اہلِ خانہ،

نیو یارک شہر پبلک اسکولز (NYCPS) میں، ہمارا یقین ہے کہ ہر بچہ اسکول میں محفوظ، خوش آمدید اور قابلِ قدر محسوس کرنے کا حقدار ہے۔ ہمارے اسکول تمام طلباء کے لیے تعلیم اور مواقع کے مراکز ہیں، خواہ ان کی ترکِ وطنی (امیگریشن) کی حیثیت کچھ بھی ہو، تعلق کسی بھی ملک سے ہو، یا گھر میں کوئی بھی زبان بولی جاتی ہو۔

ستمبر میں، میں نے تارکینِ وطن برادریوں سمیت تمام بچوں اور خاندانوں کی معاونت کے لیے ہمارے عزم کا اظہار کیا تھا۔ آج، کیونکہ تارکینِ وطن قوانین سرگرم انداز میں نافذ کیے جا رہے ہیں جس سے نیو یارک کے بہت سے شہریوں میں غیر یقینی اور تشویش کی کیفیت پیدا ہو رہی ہیں، میں اپنے اس عزم کا اعادہ کرنا چاہتا ہوں: **ہمارے اسکولوں میں ہر بچے کے لیے جگہ ہے، اور ہر خاندان ہماری اسکول کمیونٹی کے لیے اہم ہے۔**

ہم چاہتے ہیں کہ ہر خاندان اپنے آپ کو باعلم، تیار محسوس کرے، اور انہیں مناسب معاونت حاصل ہو اور اسی لیے ہم نے تعلیمی سال کے آغاز سے پہلے حال ہی غیر - مقامی قانون کے نفاذ سے متعلق اپنے ضوابط اور اصولوں (پروٹوکولز) میں تجدید کی ہے۔ ان تازہ ترین تبدیلیوں میں اسکول آمد، چُھٹی کے اوقات، اسکول سے باہر ہونے والی سرگرمیوں، اور بعد از اسکول اور ہفتہ اتوار پروگراموں سے متعلق امور شامل ہیں۔ منسلکہ تارکینِ وطن خاندانوں کے حقوق اور وسائل کی رہنما دستاویز طلباء کے تحفظات، اسکول کے حفاظتی طریقہ کار، ہنگامی منصوبہ بندی، لسانی معاونت، اور دستیاب قانونی و کمیونٹی وسائل سے متعلق مزید معلومات فراہم کرتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے خاندان schools.nyc.gov/ProjectOpenArms پر بھی جا سکتے ہیں۔

NYCPS طلباء یا ان کے خاندانوں کی ترکِ وطن کی حیثیت کے بارے میں نہ تو پوچھتا ہے اور نہ ہی اس پر نظر رکھتا ہے، اور ہم وفاقی اور ریاستی دونوں کے رازداری قوانین کے مطابق طالب علم کی معلومات کا تحفظ کرتے ہیں۔ ہم تارکین وطن قانون نافذ کرنے والے اداروں سے نمٹنے کے لیے انتہائی سخت ضوابط اور اصولوں پر بھی عمل کرتے ہیں۔

ہمارا تارکینِ وطن خاندانوں کے لیے عزم واضح ہے: ہر بچے کا خیر مقدم کیا جاتا ہے، ہر خاندان کے ساتھ عزت اور احترام سے پیش آیا جاتا ہے، اور ہر طالب علم کی معاونت کی جاتی ہے۔ آپ کے بچوں کی جگہ ہمارے کلاس روم میں ہے۔ ہم ان کی تعلیم اور فلاح و بہبود کے لیے آپ کے ساتھ کھڑے ہیں۔

اپنے بچے کی تعلیم کے لیے ہم پر اعتماد کرنے اور ہماری اسکول برادری کا ایک اہم اور قابلِ قدر حصہ بننے پر آپ کا شکریہ۔

تارکینِ وطن خاندانوں کے حقوق اور وسائل سے متعلق رہنمائی کے لیے QR کوڈ اسکین کریں

شراکت میں،

Kamar H. Samuels
چانسلر